## سوال

(950)مال کی نگہبانی کی نیت سے کتے کا گھر آنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کتا گھروں میں رکھنا کیسا ہے جب کہ مال کی نگہبانی کے لیے رکھ سکتے ہیں۔ اب ہمارے ہاں گھروں کے ساتھ کی دیوار مال کے لیے حویلی بنائی گئی ہے۔ کتا گھروں میں متواتر آتا رہتا ہے۔ کیا ایسی صورت میں کتا گھروں میں آسکتا ہے۔ جب کہ نیت مال کو رکھوالی کی ہے۔ (سائل) (۱۹اپریل ۱۹۹۹ء)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کوشش کرنی چاہیے کہ کتا گھر میں گھسنے نہ پائے سستی و کاہلی کی صورت میں ثواب میں کمی آنے کا اندیشہ ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

## جلد:3، متفرقات: صفحہ:655

محدث فتویٰ